داخل ہو جائے۔ مثالی اسلامی معاشرے کی تشکیل کے لیے بھی اسے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا تا کہ اسلامی انقلاب کی منزل سر ہو سکے۔ اسلامی انقلاب جو مینارۂ نور ہے اور جس کی کسک اور آرزو ہر سینے کے اندر موجود ہے۔

اسی طرح ایک معالج کو ایک مجتہد کا کردار بھی ادا کرنا ہوگا۔ اسلام کی نشات ثانیہ کے لیے' جدید طب کا جو لبرل اور سیکولر بنیادوں پر پروان چڑھی ہے از سرِ نو جائزہ لینا ہوگا اور اسلام کے تصورِ کائنات' تصورِ انسان' تصورِ مرض اور مریض اور تصورِ دوا کے پیشِ نظر نئی طب کو تشکیل دینا ہوگا۔ اسے آج کے دور کے تقاضوں کے پیشِ نظر اٹھنے والے علمی مباحث اور نئے مسائل سے بھی باخبر رہنا ہوگا اور اُن کا جدید خطوط پر جواب بھی دینا ہوگا۔

آج کا انسان جو مادہ پرستی' جدید اخلاقی نظریات اور جدید تہذیب و تمدن کی وجہ سے انسانیت' خلوص اور محبت جیسی عظیم نعمتوں سے بڑی حد تک محروم ہوگیا ہے اور اطمینان و سکون کی تلاش میں سرگرداں ہے' اس کے لیے طریق علاج کی اخلاقیات' علاج میں ترجیحات کی اخلاقیات کے ساتھ ساتھ اس کے قلب کی زندگی کی بھی فکر کرنا ہوگی' اور جسم کے علاج کے ساتھ ساتھ روح کا علاج بھی کرنا ہوگا تا کہ وہ اپنے رب کو بھول نہ جائے بلکہ اللہ کا ذکر کرنے والا اور اس کے ذکر سے اطمینان پانے والوں میں سے ہو جائے---!! یہی وہ توقعات ہیں جو ایک مسلمان معالج سے ایک اسلامی معاشرہ' معاشرے کی تعمیر و تشکیل کے لیے رکھتا ہے۔ یہ منزل یقیناً جہاد اور اجتہاد کے ذریعے ہی طے ہو سکتی ہے! (کیسٹ سے تدوین: امجد عباسی)

---

## محترم خرم مرادؒ کے خطوط

محترم خرم مرادؒ کے خطوط کی ترتیب و تدوین کا کام جاری ہے۔ جن احباب کے پاس ان کے خط محفوظ ہیں' ان سے گزارش ہے کہ اس کام کو ترجیح دے کر اور کچھ وقت نکال کر یہ خطوط تلاش کریں' اصل یا نقل جیسا چاہیں' مجھے ارسال کر دیں۔ میں شکر گزار ہوں گا۔

آپ کے علم میں ہو کہ کسی کے پاس ان کے خط ہیں' تو انھیں توجہ دلا دیں۔

ان خطوط میں سے خیر کی کوئی بات پھیلے گی تو یقیناً بھیجنے والے کو اجر ملے گا۔

**مسلم سجاد**

منصورہ' لاہور-54570